www.KitaboSunnat.com

آخر میں حضرت معاویہؓ کے فضائل مختصراً بیان کر دیئے گئے ہیں۔

(۷)

نام کتاب	میلاد النبی
صفحات	۵۲
قیمت	ایک روپیہ ۸۷ پیسہ
نام کتاب	دو عیدین (عید الفطر اور عید الاضحیٰ)
صفحات	۶۹
قیمت	دو روپیہ انیس پیسہ
ناشر	مکتبہ ظفر ناشران قرآنی قطعات بالمقابل جامع مسجد محلہ فیض آباد گجرات

مولانا ابو الکلام آزادؒ کے مضامین و مقالات کے مجموعے جس کثرت سے شائع ہوئے ہیں۔ اسی قدر کتابت وطباعت میں کور ذوقی کا ثبوت دیا گیا ہے۔ مولانا کے گراں قدر مضامین اور تصانیف کی اشاعت صُوری طور پر اسی انداز پر ہونی چاہیئے تھی جس کی وہ مستحق ہیں۔ مکتبہ ظفر کی شائع کردہ یہ دونوں کتابیں دیکھ کر طبیعت خوش ہوتی ہے۔ ناشر نے حسنِ ذوق کا ثبوت دیا ہے دو رنگوں میں آفسٹ کی طباعت ہے۔

جہاں تک موضوعات کا تعلق ہے عنوانات سے واضح ہیں۔ مولانا آزاد کی تحریر پر کچھ لکھنا چھوٹا منہ اور بڑی بات کے مترادف ہے۔

(۸)

نام کتاب	اسلام کا تعارف
مؤلف	وحید الدین خان
صفحات	۳۲
قیمت	۴۰ پیسے
ناشر	مکتبہ معاویہ، ۱/۲ بی ۵ دن ایریا، لیاقت آباد۔کراچی نمبر ۱۹

وحید الدین خان مدیر ہفت روزہ "الجمعیت" دہلی اپنی کتاب "علم جدید کا چیلنج" کی وجہ سے خاصے معروف ہیں۔ ان کا یہ دلچسپ مضمون "مکتبہ معاویہ" نے تبلیغی غرض سے شائع کیا ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ